# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 9th February, 2026 at 5.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3.** **MR. ANJUM AQEEL KHAN** to invite attention of the Minister for Foreign Affairs, to a matter of urgent public importance regarding Pakistani students stranded in Afghanistan due to closure of border, causing grave concern amongst the public.

**LEGISLATIVE BUSINESS**

**4.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Human Rights, to move that the Bill to amend the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 2021 [The Islamabad Capital Territory Senior Citizens (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**5.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Human Rights, to move that the Bill to amend the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 2021 [The Islamabad Capital Territory Senior Citizens (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**PRESENTATION OF PERIODICAL REPORTS OF THE STANDING COMMITTEES**

**6.** **SYED HAFEEZUDDIN,** Chairman Standing Committee on Industries and Production, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**7.** **CHAIRMAN,** Standing Committee on Kashmir Affairs, Gilgit-Baltistan and States and Frontier Regions to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2025 to 31st December, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**8.** **MR. PULLAIN,** Chairman Standing Committee on Information and Broadcasting, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2025 to 31st December, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**MOTION OF THANKS**

**9.** **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12-03-2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

**MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER**

**10.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**11.** **MS. NAEEMA KISHWER KHAN** **MS. ALIYA KAMRAN**
**MR. MUHAMMAD USMAN BADINI** **MS. SHAHIDA BEGUM** to invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination, to a matter of urgent public importance regarding the emergence of new polio cases in the country, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**8th February, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۹ فروری، ۲۰۲۶ء شام پانچ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **جناب انجم عقیل خان** وزیر برائے خارجہ امور کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو سرحد کی بندش کے باعث افغانستان میں پھنسے ہوئے پاکستانی طلباء سے متعلق ہے۔

## قانون سازی

۴۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون و انصاف اور انسانی حقوق، تحریک پیش کریں گے کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے بزرگ شہری ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ترمیم کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے بزرگ شہری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۵۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون و انصاف اور انسانی حقوق، تحریک پیش کریں گے کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے بزرگ شہری ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ترمیم کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے بزرگ شہری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

## قائمہ کمیٹیوں کی میعادی رپورٹوں کا پیش کرنا

۶۔ **سید حفیظ الدین**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے صنعت و پیداوار، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لیے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۷۔ **چیئرمین**، قائمہ کمیٹی برائے امور کشمیر، گلگت۔بلتستان اور ریاستیں و سرحدی علاقہ جات، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۵ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لیے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۸۔ **جناب پُلین**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۵ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لیے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔۔

## تحریک تشکر

۹۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

**۱۰۔** قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

**۱۱۔** **محترمہ نعیمہ کشور خان** **محترمہ عالیہ کامران**

**جناب محمد عثمان بادینی** **محترمہ شاہدہ بیگم** وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو ملک میں پولیو کے نئے کیسز سامنے آنے سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،** **سعید احمد میتلا**

**۸ فروری، ۲۰۲۶ء** **قائم مقام سیکرٹری**